گھر کی مرمتوں کے اسکیمز سے ہوشیار رہیں

ٹھیکیداروں کی تحقیقات کریں | ارد گرد خریداری کریں | تحریری معاہدہ حاصل کریں | دباؤ میں مت آئیں

خطرے کی علامات - اس ٹھیکدار یا سیلز مین سے ہوشیار رہیں جو کہ:

- مرمتوں کے لیے آپ کے دروازے پر آتا ہے یا مرمت کی پیشکش کے لیے آپ کو کال کرتا ہے۔
- آپ کو کہتا ہے کہ آپ کو فوری طور پر مرمت کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کے ساتھ تیزی سے بات چیت کرتا ہے تاکہ آپ اس کی باتوں میں الجھ جائیں اور آپ پر دباؤ ڈالتا ہے کہ آپ فوری طور پر معاہدے پر دستخط کریں۔
- آپ سے کہتا ہے کہ وہ آپ کے علاقے میں کام کر رہا ہے اور ان کے پاس امواد موجود ہے جو کسی اور کام میں سے ان کے پاس باقی رہ گیا ہے۔
- اگر آپ ان کو دیگر افراد کا حوالہ دیتے ہیں تو صرف اس صورت میں وہ آپ کو رعایتی قیمت کی پیشکش کرتا ہے جب آپ آج ہی یا اسی وقت خریدتے ہیں۔
- آپ سے ایسی باتیں کرتا ہے جو بالکل سچ لگتی ہیں۔ اگر وہ باتیں سچ لگتی ہیں، تو شاید وہ سچ ہو سکتی ہیں۔
- کوئی قائم شدہ مقامی کاروبار نہیں ہے، لیکن وہ کسی اور علاقے سے "مدد" کے لیے آیا ہے۔

اپنی حفاظت کے لیے:

- NYC، نساؤ (Nassau)، سافک (Suffolk)، پٹنم (Putnam)، راک لینڈ (Rockland)، ویسٹ چیسٹر (Westchester) میں موجود غیر لائسنس یافتہ ٹھیکیداروں سے بچیں – یہ ریاست کے ایسے علاقے ہیں جہاں پر لائسنس درکار ہوتا ہے۔ غیر لائسنس یافتہ ٹھیکیدار غیر قانونی طور پر ان علاقوں میں کام کر رہے ہیں۔
- ان ٹھیکیداروں سے بچیں جن کے پاس حوالہ جات موجود نہ ہوں یا جن کے حوالہ جات تک رسائی حاصل نہ کی جا سکتی ہو۔
- ان ٹھیکیداروں سے بچیں جو آپ سے یہ کہتے ہیں کہ کسی بھی تحریری معاہدے کی ضرورت نہیں ہے۔ قانون کے مطابق، $500 یا اس سے زائد رقم کے تمام معاہدوں کو تحریری طور پر ہونا چاہیئے، لیکن کم منصوبوں کے لیے بھی تحریری معاہدے کی حصولی بہتر ہے۔
- ان ٹھیکیداروں سے بچیں جن کے پاس صرف P.O. باکس ایڈریس یا صرف سیل فون نمبر موجود ہوتا ہے۔
- ان ٹھیکیداروں سے بچیں جو کہ انشورنس کا کوئی ثبوت فراہم نہیں کرتے۔
- ایسے ٹھیکیداروں سے بچیں جو کہ آپ سے بلڈنگ کے مطلوبہ پرمٹس حاصل کرنے کا کہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ٹھیکیدار کے پاس لائسنس موجود نہیں ہے یا اس کا ٹریک ریکارڈ خراب ہے لہٰذا وہ مقامی بلڈنگ انسپکٹر کے ساتھ بات چیت کرنے سے ہچکچا رہا ہے۔
- اپنے مقامی بلڈنگ کے شعبے سے اس حوالے سے تصدیق کریں کہ ٹھیکیدار نے تمام ضروری پرمٹس حاصل کر لیے ہیں۔
- ان ٹھیکیداروں سے ہوشیار رہیں جو کام شروع کرنے سے پہلے مواد خریدنے کی غرض سے رقم دینے کا کہتے ہیں۔ قابل اعتماد، اصل ٹھیکیدار کریڈٹ پر مواد کی خریداری کر سکتے ہیں۔
- ایسے ٹھیکیداروں سے بچیں جو کام شروع ہونے سے پہلے ہی کیش میں ادائیگی کا مطالبہ کرتے ہیں یا فوری طور پر پوری ادائیگی کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ متبادل طور پر، کسی ایسے ٹھیکیدار کو تلاش کریں جو کہ کام کی تکمیل تک ابتدائی رقم کی ادائیگی اور بعد میں اضافی ادائیگیوں کی فراہمی کے لیے ادائیگی کے شیڈول سے متفق ہو گا۔

- جب تک کہ آپ حتمی جانچ نہ کر لیں، تمام مکمل کردہ کام کی منظوری نہ دے دیں، اور جب تک آپ کو تمام مطلوبہ جانچوں اور رہائش کے سرٹیفکیٹ فراہم نہ کر دیے جائیں تب تک حتمی ادائیگی کو روک کر رکھیں۔

اپنے گھر کی مرمت کروانے کے لیے ٹھیکیدار کی تلاش کے لیے اس چیک لسٹ کو فالو کریں

اس معاہدے پر دستخط مت کریں جس میں:

- ☐ نامکمل معلومات یا خالی صفحے موجود ہوں
- ☐ جو آپ کو سمجھ نہ آیا ہو
- ☐ جو کہ ٹھیکیدار کے ساتھ کی گئی گفتگو سے مختلف ہو

درج ذیل کی کاپیاں برقرار رکھیں:

- ☐ اپنے دستخط شدہ معاہدے
- ☐ تمام دیگر دستخط شدہ دستاویزات
- ☐ کام یا امواد کے حوالے سے گارنٹیز یا وارنٹیز

پراجیکٹ کی تکمیل پر:

- ☐ اس حوالے سے یقین دہانی کے لیے جانچ پڑتال کریں کہ کام درست طور پر کیا گیا ہے
- ☐ جب تک کہ کام مکمل نہ ہو جائے تب تک حتمی ادائیگی یا تکمیلی سرٹیفکیٹ پر دستخط نہ کریں

ایک تحریری معاہدے کا مطالبہ کریں جس میں درج ذیل شامل ہو:

- ☐ کرنے والے کام کے بارے میں تفصیلی وضاحت
- ☐ اصل میں کس قسم کے امواد کو استعمال کیا جائے گا اور ان کا معیار
- ☐ تاریخ آغاز اور متوقع تاریخ اختتام
- ☐ قیمت
- ☐ ادائیگی کے انتظامات
- ☐ مالی چارجز (اگر قابل اطلاق ہیں)

معاہدے پر دستخط کرنے سے قبل:

- ☐ خود معاہدے کو پڑھیں (کسی سیلز پرسن پر اس حوالے سے بھروسہ نہ کریں کہ وہ آپ کے لیے پڑھے گا)
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے معاہدے میں موجود ہر بات کو سمجھا لیا ہے

ٹھیکیداروں کے بارے میں پڑتال کریں:

- ☐ ان سے پوچھیں کہ وہ کب سے کاروبار کر رہے ہیں
- ☐ حوالہ جات کے بارے میں پوچھیں
- ☐ حوالہ جات کے بارے میں پڑتال کریں!
- ☐ آن لائن ذرائع تلاش کریں
- ☐ ان سے پوچھیں کہ آیا وہ اپنے کام کی گارنٹی یا وارنٹی دیتے ہیں

اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ:

- ☐ لائسنس یافتہ ہوں
- ☐ ضمانت موجود ہو
- ☐ انشورڈ ہوں

درج ذیل چیزیں دیکھنے کا کہیں:

- ☐ انشورنس پالیسی، یا سرٹیفیکیٹ برائے انشورنس

قیمتوں کا تخمینہ لگائیں:

- ☐ کم از کم دو طرح کے تخمینے حاصل کریں
- ☐ قیمتوں، امواد، اور طریقوں کا موازنہ کریں

متعدد کمپنیز مفت جانچیں اور تحریری تخمینے فراہم کرتی ہیں - ٹھیکیدار منتخب کرنے سے پہلے دو یا تین تخمینے حاصل کریں۔ کم ترین قیمت ہمیشہ بہترین ڈیل نہیں ہوتی ہے۔ اپنے گھر کے لیے بہترین امواد اور طریقوں کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے اخراجات، امواد اور مختلف کمپنیز کے تجویز کردہ طریقوں کا موازنہ کریں۔

اگر آپ اسکیم کا شکار بنے ہیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کسی اسکیم کا شکار ہوئے ہیں، تو فوری طور پر وکیل سے رابطہ کریں۔ سیلز کی منسوخی اور قانونی دعوے کرنے کے لیے وقت کی حدود موجود ہیں۔

شعبہ برائے مالیاتی سروسز، اپنے ڈسٹرکٹ اٹارنی یا دفتر برائے اٹارنی جنرل سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو گھر کے مرمتی ٹھیکیدار سے کوئی مسئلہ ہے اور آپ خود اس کا حل نہیں نکال سکتے، تو نیو یارک کے ریاستی شعبے کو آن لائن www.dos.ny.gov پر یا 697-1220 (800) پر کال کر کے شکایت درج کروائیں۔

اپنی انشورنس کمپنی، ایجنٹ یا بروکر سے پالیسیز یا دعووں کے بارے میں مخصوص سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو مزید مدد کی درکار ہے تو، DFS کو 342-3736 (800) پر صبح 9 بجے سے شام 4:30 بجے تک، پیر سے جمعہ کے دوران کال کریں۔

آفات سے متعلقہ سوالات کے لیے DFS کی آفات سے نمٹنے کی ہاٹ لائن 339-1759 (800) پر 24/7 کال کریں۔